نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ضلع سرگودھا میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے محکمہ زراعت اور نجی کھاد بنانے والی کمپنی کے تعاون سے منعقدہ سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

حکومت پنجاب گندم کے کاشتکاروں کو پیداواری اہداف کے حصول کے لئے سبسڈی کی سہولت اور ترغیبات فراہم کر رہی ہے:صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور05 نومبر 2021: حکومت پنجاب گندم کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کو گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت سبسڈی کے سہولت اور ترغیبات فراہم کررہی ہے تاکہ امسال گندم کے 2 کروڑ 20 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا ہدف یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع سرگودھا میں گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے منعقدہ سیمینار کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیرزراعت نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت وزیراعظم پاکستان عمران خان کے وژن اور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان خان بزدار کی قیادت میں زرعی اجناس کی کمی کو دور کرنے اور ملکی سطح پر فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کررہی ہے اور وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 12ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے وزیر منصوبہ کے تحت امسال گندم کی منظور شدہ اقسام کے 10 لاکھ بیگ سبسڈی پر فراہم کئے جارہے ہیں اور مجموعی طور پر 1 کروڑ ایکڑ رقبہ پر گندم کی منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کیا جارہا ہے۔کاشتکاروں میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروانے کے لئے نمائشی پلاٹ، سیمینارز اور یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جارہا ہے۔اس کے علاوہ مالی سال 2021-22 کے دوران اس منصوبہ کے تحت گندم کی مشینی کاشت کے فروغ کے لئے 50 فیصد سبسڈی پر 1 ارب روپے سے زیادہ کی جدید زرعی مشینری سمیت دیگر زرعی مداخل فراہم کیے جارہے ہیں۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کاشتکار بھائی گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات، متناسب کھادوں کے استعمال اور سرٹیفائیڈ بیجوں کے استعمال کریں تاکہ گندم کی گزشتہ سال سے زیادہ پیداوار حاصل کی جائے اور گندم کی کاشت ترجیحاً یکم نومبر سے 10 دسمبر تک مکمل کرلیں۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کاشتکاروں میں کسان کارڈ تقسیم کئے اور بتایا کہ " کسان کارڈ" کے اجراء کا انقلابی پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے ذریعے تمام سبسڈیز کو کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست کاشتکاروں کے اکاونٹ میں منتقل کی جا رہی ہیں۔اب تک 5 لاکھ 84 ہزار سے زائد کاشتکار خود کو کسان کارڈ کے حصول کے لئے رجسٹرڈ کرواچکے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ سبسڈی براہ راست اُن کے اکاؤنٹ میں منتقلی سے کاشتکار بروقت زرعی مداخل خرید سکیں تاکہ سبسڈی کا بروقت حصول کرکے اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کو یقینی بنایا جاسکے۔تقریب میں چوہدری ممتاز اختر کاہلوں راہنما پاکستان تحریک انصاف،طارق محمود چیمہ،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر،فیض محمد کندی ڈائریکٹر سرگودھا ڈویژن،ڈاکٹر اشتیاق احمد،خسرو نادر گیلانی،آصف علی اور ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات نوید عصمت کاہلوں کے علاوہ مقامی محکمہ زراعت کے افسران،کاشتکاروں اور میڈیا کے نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆